بڑا دن مبارک

۔لوقا ۲:۲۰ جب الیشبع چھ ماہ کی حاملہ تھی تو خدا نے اپنے فرشتے جبرائیل کو گلیل ایک شہر ناصرت بھیجا جس کی منگنی داوٗد کے خاندان کے ایک یوسف نامی آدمی سے ہوئی تھی اُس کنواری کا نام مریم تھا فرشتہ نے اُس کے پاس آ کر کہا، سلام، تجھ کو جس پر فضل ہوا ہے خداوند تیرے ساتھ ہے وہ اس کلام سے بہت گھبرا گئی اور سوچنے لگی یہ کیسا سلام ہے۔ فرشتہ نے اُس سے کہا اے مریم خوف نہ کر، کیونکہ خدٗاوند کی طرف سے تجھ پر فضل ہوا ہے اور دیکھ تو حاملہ ہوگی اور تیرے بیٹا ہوگا اُس یسوع رکھنا وہ بزرگ ہوگا اور خدا تعالیٰ کا بیٹا کہلائے گا اور خداوند خدا اُس کے باپ داوٗد کا تخت اُسے دیگا۔ اور وہ یعقوب کے گھرانے پر ابد تک بادشاہی کرے گا، آیت نمبر ۳۸، مریم نے کہا دیکھ میں خدٗاوند کی بندی ہوں میرے لئے تیرے قول کے موافق ہو۔ مقدس مریم کے بارے میں نے یہ پڑھا کہ وہ کنواری تھی، اُس منگنی یوسف نام کے ایک شخص سے ہوئی تھی اور وہ داوٗد کے گھرانے سے تھی۔ اور جو کچھ اُس کے بطن میں تھا وہ روح القدس کی قدرت سے تھا مقدسہ مریم کوئی با اثر شخصیت نہیں تھی۔ اسم مریم نے دو مطلب ہیں اور دونوں ہی ایک دوسرے کے مخالف ہیں ''پیارا'' اور ''کڑواہٹ''، ایک مریم عہد قدیم میں بھی تھی جو موسیٰ کی بہن تھی اور اُسے یہ نام شائد اس لیے دیا گیا تھا کیونکہ اُس نے مصر کی غلامی میں جنم لینے کے بعد بہت سا کھٹن اور کڑوا وقت گذارا تھا۔ یہ وہی مریم تھی جو موسیٰ کی بہن ہونے کی وجہ سے اُس کی دیکھ بھال کرتی تھی۔ یہ وہی مریم تھی جب موسیٰ کی ماں نے اُسے ٹوکرے میں ڈال کر پانی میں بہا دیا تھا تو یہ اُسے دور کھڑی ہو کر دیکھتی رہی۔ اُسی وقت فرعون کی بیٹی نے موسیٰ کو بچایا تھا اور اُسی وقت مریم نے پیش قدمی کر کے موسیٰ کے لیے دائیا لانے کی پیش کش تھی اور بعد ازاں اپنی ماں ہی بلا لائی تا کہ موسیٰ کو دودھ پلائے۔ بعد ازاں یہی موسیٰ اپنی قوم کا مسیحا بنا اور خدا نے اُس کی معرفت مصر پر بلائیں نازل کیں۔ اور اسرائیل کو رہائی بخشی۔ گنتی کی کتاب باب نمبر ۱۲ میں لکھا ہے کہ اسی مریم نے اور اُس کے بھائی دونوں نے ملکر موسیٰ اور اُس کی بیوی کے خلاف باتیں کیں جس کی سزا خدا نے اُن کو دی تھی۔ خدا نے مریم ر پر کوڑھ جاری کیا تھا لیکن موسیٰ نے اُس کے لیے شفاعت کی اور خدا نے اُسے شفا بخشی۔ اب کئی سو سالوں کے بعد، انجیل کے پیغام کا آغاز ایک بار پھر مریم کے نام سے شروع ہوتا ہے۔ اب سوال یہ تھا کہ یہ مریم کے نام کا مطلب پیارا ہے تھی یا وہ مریم جس کے نام کا مطلب ''پیارا'' تھا۔ خداوند یسوع مسیح کی انجیل میں اس مقدسہ مریم کا داخلہ معجزانہ ہے کیونکہ جبرائیل فرشتہ بھیجا گیا ہے کہ اُسے پیغام پہنچائے۔ جب وہ مریم کے پاس آیا تو اُس پہلے الفاظ یہ تھے ''خوف نہ کر'' کیونکہ یہ وہی فرشتہ تھا جس نے ایک ہی رات میں پچاسی ہزار سپاہی مار دئے تھے (۲ سلاطین ۱۹:۳۵) فرشتہ نے کہا کہ تجھ پر خدا کا فضل ہوا ہے، ممکن ہے وہ سوچتی ہو کہ میں کون ہوں کہ مجھ پر خدا کا فضل ہو؟ میری کیا حیثیت کہ مجھ پر خدا نظر کرے؟ لیکن اس سب سے بھی زیادہ مریم کے لیے اچنبے کی بات یہ ہوگی جو فرشتے نے اُس سے کہا کہ وہ حاملہ ہوگی اور بیٹا جنے گی وہ بزرگ ہوگا اور خدا تعالیٰ کا بیٹا کہلائے گا اور خدا اُس کے باپ داوٗد کا تخت اُسے دے گا جس پر اُس کی بادشاہی کا اختتام نہ ہوگا۔ میں یقین کے ساتھ کہہ سکتی ہوں کہ مریم نے اس پر لاکھ بار سوچا ہوگا سمجھنے کی کوشش بھی کی ہوگی۔ کیونکہ وہ کچھ فرشتہ نے کہا تھا وہ ناممکن تھا کیونکہ مریم اُس وقت کنواری تھی۔ لیکن فرشتے نے یہ بات بھی واضع کر دی تھی یہ معجزانہ طور پر ہوگا۔ اسی لیے مریم نے یہ پوچھا تھا کہ یہ کیونکہ ممکن ہے کیونکہ وہ مرد کو نہیں جانتی؟ مریم کا یہ سوال مناسب سوال تھا کیونکہ کلام مقدس میں کبھی ایسا ہوا نہیں تھا ہاں معجزانہ پیدائش

ہوئی تھیں جیسا کہ اضحاق، کیونکہ سارہ اضحاق کے ساتھ حاملہ ہونے وقت اپنی عمر کے اُس حصے میں تھی جہاں اُولا دہونا ممکن نہیں ہوتا۔ایک بار پھر فرشتے نے مریم کو جواب دیا کہ خدا تعالیٰ کی قدرت اُس پر سایہ ڈالے گی تب وہ بچہ پیدا ہوگا۔مریم شائد ابھی کشمکش میں ہے کہ یہ سب کیسے ہوگا اس لیے فرشتہ کہتا ہے کہ کیا خدا کے لیے کچھ ناممکن ہے؟ خدا کی قدرت سب کچھ کرسکتی ہے۔اور یہ بھی کہا کہ میں جبرائیل خدا کا خادم ہوں جو خدا کے حضور کھڑا رہتا ہوں دیکھو، سب کچھ خدا کے قول کے مطابق ہوگا۔یعقوب ۴:۶ میں لکھا ہے کہ خدا مغرور کا مقابلہ کرتا ہے لیکن حلیموں کو توفیق بخشتا ہے۔پھر یعقوب ۴:۱۰ میں لکھا ہے کہ خدا کے ہاتھ کے نیچے فروتنی کرو تو وہ تمہیں سر بلند کرے گا۔لوقا ۱۴:۱۱ میں لکھا ہے کہ جو کوئی اپنے آپ کو چھوٹا بنائے گا بڑا کیا جائے گا اور جو کوئی اپنے آپ کو بڑا بنائے گا چھوٹا کیا جائے گا۔نئے عہد نامہ کی مریم اور پرانے عہد نامے کی مریم میں یہ فرق ہے کہ پرانے عہد کی مریم نے موسیٰ کے اختیار کو ماننے سے انکار کیا۔عبرانیوں ۱۲:۱۵ میں لکھا ہے ''غور سے دیکھتے رہو کہ کوئی شخص خدا کے فضل سے محروم نہ رہ جائے ایسا نہ ہو کوئی کڑوی جڑ پھوٹ کر تمہیں دکھ دے اور اُس کے سبب سے اکثر لوگ ناپاک ہو جائیں۔افسیوں ۴:۳۱۔۳۲ میں لکھا ہے کہا ایک دوسرے کے ساتھ مہربانی سے پیش آؤ۔رومیوں ۱۵:۱۳ پس خدا جو اُمید کا چشمہ ہے تمہیں ایمان رکھنے کے باعث ساری خوشی اور اطمنان سے معمور کرے تاکہ روح القدس کی قدرت سے تمہاری اُمید زیادہ ہوتی جائے اب سوال یہ ہے کہ آپ خدا کے اُن حکموں کے بارے میں کیا ردعمل دکھاتے ہیں جو حکم ہماری اپنی نگاہ میں عام معمول سے ہٹ کر ہیں ایسے اوقات میں ایسا بھی ہوتا ہے کہ ہماری مرضی خدا کی مرضی کے ساتھ متصادم ہوتی ہے۔لیکن ایسے میں جب ہم خدا کی مرضی کا احترام کرتے ہیں تو وہ ہمیں اپنے فضل سے بھر دیتا ہے لوقا ۱:۴۵۔۵۵ میری جان خدا کی بڑائی کرتی ہے اور میری روح میرے منجی خدا سے خوش ہوئی کیونکہ اُس نے اپنی بندی کی پست حالی پر نظر کی اور دیکھا اب سے لیکر ہر زمانہ کے لوگ مجھ کو مبارک کہیں گے کیونکہ اُس قادر نے میرے لیے بڑے بڑے کام کیے ہیں اُس کا نام پاک ہے اور اُس کا رحم اُن پر جو اُس سے ڈرتے ہیں پشت در پشت رہتا ہے اُس نے اپنے بازو سے زور دکھایا اور جو اپنے تئیں بڑا سمجھتے تھے اُن کو پرگندا کیا اُس نے اختیار والوں کو تخت سے گرادیا اور پست حالوں کو بلند کیا اُس نے بھوکوں کو اچھی چیزوں سے سیر کیا اور دولت مندوں کو خالی ہاتھ لوٹا دیا اُس نے اپنے خادم اسرائیل کو سنبھال لیا تاکہ اپنی اُس رحمت کو یاد فرمائے جو ابراہام اور اُس کی نسل سے ابد تک کی تھی جیسا اُس نے ہمارے باپ دادا سے کہا تھا۔مریم کی باقی ماندہ زندگی میں خدا فضل اُس پر رہا اس لیے نہیں کہ اُس نے کیا کیا تھا بلکہ اس لیے کہ اُس نے اپنی مرضی کس کے تابع کی تھی۔خداوند ہم سب کے لیے بھی چاہتا ہے کہ اس کرسمس پر ہم اپنی مرضی اُس کے تابع کرنا سیکھیں۔خداوند آپ کو برکت دے آمین۔